تصوف
۸۳

R JUNG ESTATE LIBRARY
General Section

حقیقت کی سیر

یعنی منظوم ترجمہ مع رباعیات

حضرت
سلطان ابوسعید ابوالخیر

رحمۃ اللہ علیہ

از جناب

مولوی مقصود احمد صاحب مجددی رامپوری

منشی سید قربان علی بسمل ایڈیٹر اردوئے معلےٰ
نے اپنے
مطبع فیض بخش دہلی میں چھپوا کر شایع کیا

تصوف
۸۹۱.۴۳۱۲
ا ب و
۸۳

التماس طابع وناشر

سب سے پہلے مین نے حضرت سرمد شہید رح کی رباعیون کا منظ
شائع کیا جو بفضلہ تعالیٰ پبلک مین مقبول ہوا پھر ۱۹۲۴ء مین حضرت حکیم
نیشاپوری کی رباعیان معہ ترجمہ منظوم طبع کین اس کتاب کو بھی ملک نے بسید
آج حضرت سلطان ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کی رباعیون کا ترجمہ بھی نظم ا
شائع کیا جاتا ہے. حضرت ابوالخیر کی رباعیون کا ترجمہ جناب مولوی مقصد
صاحب مجددی رامپوری نے کیا ہے جو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی
علیہ کے خاندان سے منسلک ہین. مجھے اس ترجمہ کی تعریف و توصیف مین کچھ
کی ضرورت نہین ہے دیکھنے والے خود دیکھ لین گے.

عاصی۔ قربان علی بسمل

ایڈیٹر اردوئے معلیٰ دہلی

۱۳. ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۳ اپریل ۱۹۳۱ء

۸۶۱٫۳۱۲
۹۶۱
۱۱۷۷
KING FAISAL ... Oriental Section ... PRINTED BOOKS

۱۹۶۲ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس اللہ سرہ العزیز

آپ کا اسم شریف ابوسعید فضل اللہ بن ابوالخیر (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) ہے۔ آپکی ولادت باسعادت دشت خاوران کے قصبہ منہنہ میں ہوئی۔ شیخ تقریباً ۳۵۶ھ یا ۳۵۷ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ آپنے آنکھ کھولی تو جلیل القدر اولیاء اللہ کو دیکھا۔ پرورش پائی تو ذی مرتبہ علماء و عرفاء کی گودوں میں۔ سچ ہے ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ

اَللّٰہُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ۔ حق تعالیٰ جب اپنے کسی بندے کو اپنے واسطے منتخب فرمالیتا ہے اور اپنا محبوب بنالیتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ اُس کے واسطے سے بندگانِ خدا ہدایت پائیں اور رُشد حاصل کریں تو ایسا شخص پیدائشی ہی ولی ہوا کرتا ہے اور حق تعالیٰ علم ظاہر و باطن۔ شریعت اور طریقت کے مخفی خزانے اُسکے سینے میں ودیعت فرما دیتا ہے۔ ایسا شخص اپنے ساتھ سب کچھ لئے ہوئے دنیا میں آتا ہے، مگر وہ خود نہیں جانتا کہ میرے پاس کیا ہے۔ دنیا عالم اسباب ہے اس لئے اُن علوم و معرفت کے جاننے کے واسطے بظاہر تھوڑے سے سبب کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِدھر سبب کو اختیار کیا اور اُدھر خود بخود وہ جوہر کھلتے گئے جو اس چلتے پھرتے مٹی

کے پُتلے میں پوشیدہ رکھے گئے تھے۔ اللہ اللہ انسان کی ہستی بھی عجیب ہستی ہے بے ہمہ اور با ہمہ کا مصداق یہی ہے معقولی کہتے ہیں اجتماع ضدین محال ہے۔ مگر اس مٹی کی مورت کا نظام ترکیب کیا باعتبار ظاہر اور کیا بلحاظ باطن نقیض در نقیض اور ضد در ضد ہے آخر کیوں نہو یہہ اشرف المخلوقات ہے۔ یہہ خلیفۃ اللہ ہے۔ پھر اس سے کون بازی لے جا سکتا ہے۔ بہرحال آمدم برسر مطلب۔ ان ہی انسانوں میں کے ایک انسان حضرت ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ لباس تو خاکی تھا۔ مگر مرتبہ عرشی اور معارف لامکانی سے حق تعالیٰ نے سرفرازی بخشی تھی۔

ان کا زمانہ بھی وہ زمانہ تھا کہ حضرت جنیدؒ اور جناب شبلیؒ کی آنکھیں دیکھنے والے موجود تھے۔ علاوہ براں اُس وقت کوئی ملک اور شہر اسلامی ایسا نہ تھا جہاں علماء کی مجلسیں علم ظاہری سے گرم اور صوفیوں کے صومعے علم باطن سے منوّر نہوں۔ چنانچہ جب حضرت پیدا ہوئے تو ہر طرف سے اولیاء اللہ نے اس مادرزاد ولی کی پیدایش کی حضرت ابوالخیرؒ کو مبارکبادیں دیں اور بہت ہی خوشی کا اظہار کیا۔ غرض یہہ ہے کہ حضرت ابوسعیدؒ پرورش پاتے رہے اور تحصیل علم ظاہر و باطن کا سلسلہ دن بدن بڑھتا رہا۔ سب سے پہلے آپ علماء رغزنی کے درس میں شریک ہوئے اور رفتہ رفتہ حدیث و فقہ میں بڑا مرتبہ درسوخ حاصل کیا۔ چونکہ آپ کی خلقت و طینت میں تصوّف کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا اس لئے خواہ مخواہ زیادہ شوق ادھی کا تھا اور بیشتر تصوّف ہی کی کتابیں دیکھتے رہتے تھے۔ جب اس فن میں زیادہ توغل ہوا تو دل نے کہا اغیار سے کنارہ کرو اور گوشۂ تنہائی اختیار کرو اس لئے آپ باجازت اپنے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ ایک علیحدہ مکان میں رہنے لگے اور مکان کو اقوال صوفیائے کرام اور

قرآن مجید کی آیات کے کتبوں سے جا بجا خوب سجایا۔ ایک روز آپ کے والد ماجدؒ اس مکان میں آپ کے پاس تشریف لائے۔ مکان کی سجاوٹ دیکھ کر فرمانے لگے کہ تم نے تصوف کے کتبوں سے مکان آراستہ کیا ہے۔ حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ نے جواب دیا کہ بابا جان آپ کا مکان تصویروں سے آراستہ ہے اور تصویریں بھی شاہانِ وقت اور اُمرائے زمانہ کی اور ان سے ہی آپ کو اُلفت ہے۔ میں نے بھی اپنے کاشانے کو اُن چیزوں سے پیراستہ کیا ہے جن سے مجھے اُنس ہے اور اس امید پر ایسا کیا ہے کہ شاید کسی وقت محبوب حقیقی مجھ پر مہر کی نظر ڈالے اور دولتِ عشق سے مالامال ہو جاؤں۔ حضرت ابوالخیرؒ پر ان کی تقریر کا اس قدر اثر ہوا کہ اپنے مکان کی تمام تصویریں نکال پھینکیں۔ اس کے بعد حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ اپنے والد ماجد کے فرمانے سے **مرو** تشریف لیگئے اور پانچ برس کامل **عبداللہ حصری** اور **قفال** کے درس میں شریک رہ کر علوم شرعیہ میں کمال اور تکمیل کا درجہ حاصل کیا۔ دن بھر تحصیل علوم میں مشغول رہتے اور رات بھر عبادت فرماتے۔ مگر ابتک باقاعدہ علم باطنی کی تعلیم کسی شیخ سے حاصل نہیں فرمائی تھی۔ اس کے بعد **سرخس** چلے آئے اور **ابوعلی فقیہ** کی خدمت میں رہ کر فقہ و تفسیر میں مزید مہارت تامہ حاصل فرمائی مگر ہر وقت اہل اللہ کی لو لگی رہتی تھی۔ حق تعالیٰ نے ان کا مقصد حاصل فرمایا۔ یعنی سرخس ہی میں حضرت **لقمان** رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت لقمانؒ مجنون بہت بڑے کامل مجذوب تھے اور بڑے قوی التصرف تھے۔ اس کا قصہ اس طرح ہے کہ شارستان سرخس کے کنارے انھوں نے ایک بزرگ کو دیکھا کہ اپنی کملی کی سلائی کر رہے ہیں۔ ان ہی بزرگ کا نام شیخ لقمان تھا۔ یہ دیکھ کر یہ بھی وہاں جا کھڑے ہوئے اور اس طرح کھڑے

ہوئے کہ سایہ کملی پر پڑتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد شیخ نعمان نے سر اُٹھا کر کہا کہ میاں لڑکے کچھ خبر بھی ہے ہم نے تم کو بھی اس کملی کے ساتھ سی دیا اور حضرت شیخ کا ہاتھ پکڑ کر شیخ ابوالفضل بن حسن سرخسی کی خانقاہ میں لائے اور اُن کے سپرد کر گئے اور شیخ ابوالفضل سے فرمایا کہ جب تک زندہ ہو ابوسعید کی تربیت کرنا۔ شیخ ابوالفضل کے انتقال کے بعد حضرت ابوسعید رح شیخ ابوالعباس قصاب آملی کی خدمت میں رہے۔ مگر حقیقتاً جو کچھ تربیت پائی اور جس قدر معرفت الٰہی حاصل کی وہ شیخ ابوالفضل کی خدمت میں ہی حاصل کی۔ اُن کے انتقال کے بعد ابوالعباس قصاب رحمہ اللہ کی خدمت نے سونے پر سہاگے کا کام دیا۔ اب کیا تھا حضرت شیخ اکسیر ہو گئے۔ جس پر نظر ڈالی سونا بنا دیا حضرت اُن متقدمین بزرگوں میں ہیں کہ جو جامع علوم ظاہر و باطن تھے۔ یہ اُن صوفیوں میں نہ تھے کہ جو شریعت و طریقت کو جداگانہ سمجھتے تھے۔ حضرت شیخ کا مسلک ہی یہ تھا کہ اتباع شریعت ہی طریقت و حقیقت ہے اور یہی اصل وجہ ان کے علو مرتبت کی ہے ان کے زمانے میں جسقدر کاملین و عارفین تھے سب ان کے آگے سر تسلیم خم کرتے تھے اور سب سنجر تھے۔ ان کی بزرگی کا حال اس ایک واقعہ سے کیا جا سکتا ہے کہ حضرت شیخ علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ سے (جن کے مزار مبارک پر حضرت سلطان الہند غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے زمانے تک چلہ کشی کی ہے) جلیل القدر بزرگ شیخ ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر معتکف رہے ہیں۔ ایک روز حضرت داتا صاحب حضرت شیخ کے مزار مبارک پر مراقب تھے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک سفید کبوتر اُڑتا ہوا آیا اور حضرت شیخ کی قبر پر جو تھیلی پڑی ہوئی تھی اُس کے نیچے چلا گیا۔ انھوں نے اٹھکر تھیلی کو دیکھا تو وہاں کچھ نہ تھا۔ دو تین روز یہی

واقعہ دیکھا۔ حیران تھے کہ یہ عجیب قصہ ہے؟ ایک شب خواب میں شیخ کو دیکھا فرماتے ہیں کہ وہ کبوتر دراصل میری صفائی معاملہ ہے جو ہر روز مجھ سے ملنے آتی ہے۔

شیخ کے کشف و کرامات اسقدر ہیں کہ اس مختصر تحریر میں اُن کی گنجایش نہیں ہے کسی نے شیخ سے دریافت کیا کہ بعض اہل اللہ دریا پر چلتے ہیں اور چشم زدن میں ملے الارض کر لیتے ہیں بعض ہوا میں اُڑتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ خس و خاشاک میں پانی چلتا ہے (یعنی بہتا چلا جاتا ہے) شیطان دم بھر میں کہیں کا کہیں جا پہنچتا ہے۔ مکھیاں بھی ہوا میں اُڑتی ہیں۔ جو اہل اللہ ہیں اُن کے نزدیک یہ اُمور بے معنی ہیں اور نسبت الی اللہ تعالیٰ علٰحدہ چیز ہے۔ مرد خدا وہ ہے جو دنیا میں ایک نکاح کرے۔ بیوی بچوں کے اور تمام مخلوق کے حقوق اور پھر حقوق اللہ دونوں کو شریعت کے مطابق بے کم و کاست ادا کرے اور پھر ایک لحظہ بھی یاد الٰہی سے غافل نہو رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ کا وہی شخص مصداق ہو سکتا ہے۔

ایک مرتبہ حضرت شیخ سے کسی نے حدیث شریف تَفَكُّرُ سَاعَةٍ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ کے معنی پوچھے۔ آپ نے فرمایا۔ ایک ساعت اپنی ہستی میں فکر کرنا ایک سال کی اُس عبادت سے بہتر ہے جو خودی کے ساتھ ادا کی جائے اور یہہ رباعی فرمائی:۔

تا روئے ترا بدیدم اے شمع طراز — نہ کار کنم نہ روزہ دارم نہ نماز
چوں با تو بوم مجاز من جملہ نماز — چوں بے تو بوم نماز من جملہ مجاز

شیخ محمد ابو نصر جلیبی نامی ایک بزرگ تھے اُنھوں نے حضرت شیخ کی بہت شہرت سُنی۔ اتفاقاً خواجہ ابو بکر خطیب مرو سے نیشاپور جا رہے تھے۔ جب شیخ

ابونصر سے ملاقات ہوئی تو اُنھوں نے کہا کہ شیخ ابوسعید سے مل کر ہمارے ایک سوال کا جواب لیتے آنا اور سوال یہ ہے کہ "آثار کے لئے محو ہے" خواجہ نے کہا لکھ کر دیجئے چنانچہ شیخ ابونصر نے لکھدیا۔ خواجہ نیشابور پہنچے تو سرائے میں اُترے۔ انھوں نے دیکھا کہ دو شخص مجاور پکار رہے ہیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ شیخ ابوسعید صاحب نے بلایا ہے اور کہا ہے کہ میرے پاس آکر سرائے میں ٹھہرنا ٹھیک نہیں ہے۔ چنانچہ غسل وغیرہ سے فارغ ہوکر حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کو دیکھتے ہی فرمایا:۔

اھلا لسعدی الرسول وحبذا وجہ الرسول لحب المرسل

اور فرمایا وہ خط تو دو، دیکھوں ابونصر نے کیا سوال کیا ہے۔ خواجہ نے خط پیش کیا۔ فرمایا جب جاؤ گے جواب لیتے جانا۔ خواجہ نے چند روز رہ کر واپسی کے وقت جواب طلب کیا۔ فرمایا کہ اس پیر سے کہدینا کہ لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرُ (یعنی عین ہی کو بقا نہیں اثر کہاں رہیگا) یعنی جب حقیقت کا اظہار ہوا پھر کوئی چیز باقی نہ رہی کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ۔ خواجہ نے سر جھکا کر عرض کی میں سمجھا نہیں۔ فرمایا یہہ رباعی یاد کرلو بس یہی جواب ہے۔

جسم ہمہ اشک گشت وچشم بگریست — در عشق تو بے جسم ہمی باید زیست
از من اثرے نماند و ایں عشق از چیست — چوں من ہمہ معشوق شدم عاشق کیست

خواجہ نے مرو میں آکر شیخ ابونصر کو یہہ رباعی سُنائی۔ رباعی سُنتے ہی ایک نعرہ مارا اور بیہوش ہوکر گر پڑے۔ اس حال میں ایک ہفتہ زندہ رہے بالآخر بعد ایک ہفتے کے انتقال ہوگیا۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا حال مطابق قال تھا یعنی باطن وظاہر شریعت غرا کے موافق تھا سرمو فرق ہونے نہ پاتا تھا۔ اور علاوہ علم وفضل ظاہری وباطنی کے حضرت شیخ شاعر بھی تھے مگر نہ وہ شاعری جسکے متعلق قرآن مجید میں مذمت فرمائی گئی ہے کہ اَلشُّعَرَآءُ

یَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُوْنَ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِیْ کُلِّ وَادٍ یَّهِیْمُوْنَ الخ بلکہ آپ تلامیذ رحمٰن میں سے تھے اور ان الشعر الحکمۃ و ان الحکمۃ لسحرا کے مصداق۔ آپ کی شاعری آپ کے جذبات و ارادات عشق الٰہی نظم کرنا تھا۔ یہہ جذبات اور یہہ واردات ہر وقت آپ پر وارد و طاری ہوتے رہتے تھے۔ کل اناء یترشح بما فیہ ظاہر ہے انسان ضبط بھی کہاں تک کر سکتا ہے اسلئے خود بخود حضرت شیخ کی زبان واردات و جذبات نظم کی شکل میں آجاتے تھے اور ایک مصلحت یہہ بھی تھی کہ اس کلام سے بڑے بڑے کاملین نے فوائد حاصل کئے اور تا قیامت حاصل کرتے رہیں گے۔

حضرت شیخ کا تمام کلام صرف رباعیات ہی ہیں۔ اگرچہ عمر خیام رباعیات کا حاکم ہے مگر حضرت شیخ نے جو بات کہ رباعیات میں بیان فرمادی عمر خیام کو اُس کی ہوا بھی نہ لگی۔ قال کو حال سے نسبت نہیں ہو سکتی۔ تمام متقدمین کیطرح حضرت شیخ کی زبان بھی صاف و سادہ ہے اور مفہوم اس قدر دلچسپ کہ جسکا بیان مشکل البتہ کہیں کہیں تجنیس خطی و لفظی ضرور پائی جاتی ہے مگر وہ بھی نہایت حُسن و خوبی سے۔ چنانچہ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ خزان کے موسم میں حضرت شیخ ایک درخت کے نیچے آرام فرما رہے تھے۔ موسم خزان کا تھا اُس درخت کے پتے بالکل زرد تھے۔ دیکھتے ہی فرمایا کہ:۔

تو از مہر زردو من از مہر زردم　　تو از مہر ماہ و من از مہر ماہ

حضرت شیخ کے مرتبۂ فنا کا یہ حال تھا کہ ایک مرتبہ خواجہ مظفر خداوندی رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں حضرت شیخ کا ذکر ہو رہا تھا۔ خواجہ نے کہا مجھ میں اور شیخ ابو سعید میں یہ نسبت ہے کہ جس طرح پیمانہ میں ایک دانہ ہو اور وہ دانہ شیخ ابو سعید ہے۔ حضرت شیخ

کے مریدین و مخلصین نے جب یہ سُنا تو اُن کو ناگوار گذرا اور حضرت شیخ سے یہ واقعہ حاضر ہوکر عرض کیا۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ خواجہ سے جاکر کہو کہ وہ ایک دانہ بھی تو ہی ہے۔ میں تو کچھ بھی نہیں ہوں۔

ایک روز حضرت شیخ کے روبرو کسی قوال نے یہ بیت پڑھی ؎

اندر غزل خویش نہاں خواہم گشت تا بر لب تو بوسہ دہم چونش بخوانی

حضرت شیخ نے دریافت کیا یہہ بیت کس کی ہے؟ قوال نے عرض کی عمارہ کی حضرت شیخ نے فرمایا۔ چلو کہ عمارہ کی زیارت کریں۔ چنانچہ اپنی ایک جماعت کے ساتھ جاکر اُن کی زیارت کی اور خود یہ رباعی پڑھی (رباعی)

در راہ یگانگی نہ کفراست و نہ دیں یک گام ز خود بروں نہ و راہ ببیں

اے جانِ جہاں تو راہِ اسلام گزیں با مارِ سیہ نشین و با خود منشیں

حضرت شیخ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ اور بندہ کے درمیان حجاب آسمان و زمین، عرش و کرسی نہیں ہیں بلکہ خود انسان کی خودی حجاب ہے۔ چاہئے کہ اس خودی کو درمیان سے اُٹھائے تاکہ شاہدِ حقیقی جلوہ گر ہو۔

حضرت شیخ کی عمر شریف ۸۳ سال ۴ ماہ کی ہوئی اور شب جمعہ ماہ شعبان سنہ ۴۴۰ ہجری کو انتقال ہوا۔ یہہ وصیت فرمائی تھی کہ میرے جنازے کے آگے حسبِ ذیل اشعار پڑھے جائیں۔

اشعار

خوبتر اندر جہاں زیں چہ بود کار دوست بر دوست رفت یار بر یار

آں ہمہ اندوہ بود ایں ہمہ شادی واں ہمہ گفتار بود ویں ہمہ کردار

(مقصود احمد مجددی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بازآ - بازآ - ہرآنچہ ہستی بازآ گر کافر و گبر و بُت پرستی بازآ
ایں درگہِ ما درگہِ نومیدی نیست ۱ صد بار اگر توبہ شکستی بازآ

جو کچھ بھی ہے جو حال ہے تیرا - آجا کافر ہے کہ بُت پرست و ترسا - آجا
درگاہ ہماری نہیں جائے حرماں ۱ سو مرتبہ گو توڑی ہو توبہ - آجا

نسیما - جانبِ بستاں گذر کن بگو آں نازنیں شمشاد قدرا
بہ تشریفِ قدومِ خود زمانے ۲ مشرف کن خراب آبادِ مارا

نسیم صبح تو گلشن میں جا کے یہ کہنا اُس حسیں شمشاد قد سے
کہ اپنے دم قدم سے آ کے دم بھر ۲ شرف دیراں کدے کو میرے بخشے

خداوندا بگردانی بلا را ازیں آفت نگہداری تو مارا
بحقِ آں دو گیسوئے محمدؐ ۳ زبوں گرداں زبردستانِ مارا

خداوندا بلا کو دور کر دے اس آفت سے مجھے محفوظ رکھ لے
طفیلِ گیسوئے مشکینِ احمدؐ ۳ دکھا نیچا زبردستوں کو سب سے

وافریاد از عشق وافریادا — کارم بیکے طرفہ نگار افتادا
گر داد من شکستہ دادا۔ دادا — ورنہ من و عشق ہر چہ بادا۔ بادا ۴

اس عشق کے ہاتھوں سے ہوں میں فریادی — اک طرفہ جفا کار سے کی ہے یاری
انصاف جو مجھ شکستہ دل کا نہ ہوا — تو میں ہوں اور عشق۔ خواہ پھر ہو کچھ بھی

یارب بمحمد و علی و زہرا — یارب بحسین و حسن آل عبا
از لطف برآر حاجتم در دو سرا — بے منتِ خلق یا علی الاعلےٰ ۵

یارب بہ محمد و علی و زہرا — یارب بحسین و حسن آل عبا
حاجت مری تو لطف سے پوری کر دے — بے منتِ خلق اے علی الاعلےٰ ۵

اے دلبرِ ما۔ مباش بے دلبرِ ما — یک دلبرِ ما۔ بہ از صد دلبرِ ما
نہ دلبرِ ما۔ نہ دلبر اندر برِ ما — یا دلبرِ ما۔ فرست یا دلبرِ ما ۶

بے یار مرے پہلو میں اے دل ٹھہر — سو دل سے ہمارے۔ ایک دلبر بہتر
پہلو میں ہمارے دل آغوش میں یار — دلبر کو۔ نہیں تو۔ دل کو بھیج۔ ربِ اکبر ۶

منصور حلاج آں نہنگِ دریا — کز پنبۂ تن دانۂ جاں کرد جدا
روزے کہ انا الحق بزباں می آورد — منصور کجا بود۔ خدا بود خدا ۷

منصور حلاج وہ نہنگِ دریا — کی جانِ عزیز جسم سے جس نے جدا
جس روز انا الحق کہ زباں پر لایا — منصور کہاں تھا وہ۔ خدا تھا وہ خدا ۷

من دوش دعا کردم و باد - آمینا — تا بہ شود آں دو چشم بادامینا

از دیدۂ بد خواہ ترا چشم رسید — ۸ — در دیدۂ بد خواہِ تو بادا - مینا

آمین کہی ہوا نے کل دعا جو مانگی — تا کہ ہوں - وہ بادام سی - آنکھیں اچھی
بدخواہ جو تیرا ہے ہوئی اُس کی نظر — ۸ — اللہ کرے پھوٹیں نہ آنکھیں اُس کی

اے کردہ عمت غارتِ ہوشِ دلِ ما — در دِ تو شدہ خانہ فروشِ دلِ ما

رندی کہ مقدساں از و محرومند — ۹ — عشق تو مرا اُو گفت - بگوشِ دلِ ما

کب چین غمِ عشق میں آیا دل کو — فرقت میں تری درد نے مارا دل کو
رندی - کہ ہیں زاہدان خشک اُس سے محروم — ۹ — اُس نے ہی ترا عشق سکھایا دل کو

در دیدہ بجائے خواب آب است مرا — زیرا کہ بدیدنت شتاب است مرا

گویند بخواب - تا بخوابش بینی — ۱۰ — اے بیخبراں چہ جائے خواب است مرا

ہیں اشک بجائے خواب آنکھوں میں مری — ہے مدِ نظر یہ - تجھے دیکھوں جلدی
سب کہتے ہیں سو جا کہ نظر آئے یار — ۱۰ — اے بے خبرو - نیند کی یہ کیا ہے گھڑی

تا در رسید - چشم خونخوار ترا — خواہم کہ کشد جانِ من آزار ترا

یارب کہ ز چشم زخمِ دوراں ہرگز — ۱۱ — در وے نرسد نرگسِ بیمار ترا

جب سے نظر بد - تری آنکھوں کو لگی — خواہش ہے کہ پہنچے مجھے تکلیف تری
آفات زمانہ سے خدا تجھکو بچائے — ۱۱ — بیمار ہو نرگس بیمار کبھی

مہمانِ تو خواہم آمدن جانانا — می توانی کن ز حاسداں پنہانا
خالی کن ایں خانہ زبس مہمانا — با ما کس را بخانہ در منشانا ۱۲

جی میں ہے کہ مہمان ہوں۔ یار ترا — خلوت میں رقیبوں سے الگ مجکو بلا
خالی ہو گھر ایسا کہ نہ ہو غیر کوئی — اور کوئی نہ ہو پاس ترے میرے سوا ۱۲

آں رشتہ کہ قوت روان ست مرا — آرائش جانِ ناتوان ست مرا
بر لب چو کشی جاں کشدم از پے آں — پیوند جو بارشتۂ جان ست مرا ۱۳

وہ رشتۂ اُلفت کہ ہے زندگانی اُس سے — دم میں مرے قوت ہے روانی اُس سے
اظہار کرے تو۔ تو خدا ہو جاؤں — ہے جان کا پیوند نہانی اُس سے ۱۳

تا چند کشم غصۂ ہر ناکس را — وز خشتِ خود خاک شوم ہر کس را
کارم بدعا چو بر نمی آید راست — دادم سہ طلاق ایں فلک اطلس را ۱۴

کب تک میں اٹھاؤں غصہ ہر ناکس کا — ذلت سہوں نا اہل کی کب ہے اچھا
دوں۔ تین طلاقیں آسماں کو اُس دم — کچھ کام نہ جب دُعا سے نکلے اپنا ۱۴

ہر گاہ کہ بینی دو سہ سر گرداں را — عیب رہ مرداں متواں کرد آں را
تقلید دو سہ مقلد بے معنی — بدنام کند رہ جواں مرداں را ۱۵

دو ایک کو آوارہ اگر تو دیکھے — مردانِ خدا پر نہ لگا عیب اُس سے
تقلید سے بے معنی مقلدوں کی اکثر — ہو جاتے ہیں بدنام خدا کے بندے ۱۵

دنیا جم را و قیصر و خاقاں را تسبیح ملک را و صفا رضواں را
دوزخ بہ بداں بہشت مر نیکاں را ۱۶ جاناں ما را و جانِ ما جاناں را

ہے قیصر و جم کے لیے دنیا زیبا تسبیح ملک کے لیے رضواں کو مُنیا
دوزخ ہے بدوں کے لیے نیکوں کو بہشت ۱۶ جاناں کی مری جاں تو جانِ جاناں میرا

وصل تو کجا و من مہجور کجا دروانہ کجا و حوصلۂ مور کجا
ہر چند ز سوختن ندارم باکے ۱۷ پروانہ کجا و آتشِ طور کجا

تیرا کہاں وصل اور یہ مہجور کہاں دروانہ کہاں و حوصلۂ مور کہاں
ہر چند میں ڈرتا نہیں جلنے سے مگر ۱۷ پروانہ کہاں اور آتشِ طور کہاں

بر تافت عنانِ صبر و ہوی از جانِ خراب شد ہیچ ز کاب حلقۂ چشم از تب و تاب
دیگر چہ عناں نہ پیچم از حکم تو سر ۱۸ گر دولت پابوس تو یابم چو رکاب

اب صبر کے قابل نہ رہی جانِ خراب آنکھوں میں پڑے حلقے بڑھا جب سے تب و تاب
سر تابی ترے حکم سے ہرگز نہ کروں ۱۸ پابوسی کی دولت جو ملے مثلِ رکاب

از چرخ و فلک گردش یکساں مطلب وز دور زمانہ عدل سلطاں مطلب
روزے پنج کہ در جہاں خواہی بود ۱۹ آزار دل ہیچ مسلماں مطلب

اس چرخ سے تو گردشِ یکساں کو نہ چاہ اور دورِ جہاں میں عدلِ سلطاں کو نہ چاہ
جو عمر کہ پنج روزہ تیری گذرے ۱۹ لازم ہے کہ آزارِ مسلماں کو نہ چاہ

گہ میگردم بر آتش ہجر کباب — گہ سر گردان بحر غم ہمچو حباب
القصہ چو خار و خس درین دیر خراب — گہ بر سر آتشم گہے بر سر آب ۲۰

جلتا ہوں کبھی ہجر میں مانند کباب — یا بحر الم میں غوطہ زن مثل حباب
القصہ جہاں میں خار و خس کی مانند — ہوں آگ میں جلتا تو کبھی بر سر آب ۲۰

کارم ہمہ نالہ و خروش است امشب — نے صبر پدید است و نہ ہوش است امشب
دوشم خوش بود ساعتے پنداری — کفارۂ خوش دلی دوش است امشب ۲۱

اس رات سراکام ہے فریاد و فغاں — اب صبر کہاں اور مجھے ہوش کہاں
کل عیش میں گذری جو گھڑی۔ آجکی رات — بدلہ ہے اُسی کا۔ مجھے ہوتا ہے گماں ۲۱

اے آئینۂ حسن تو در صورت زیب — گرداب ہزار کشتیٔ صبر شکیب
ہر آئینہ کہ غیر حسن تو بود — خواند خروش سراب صحرائے فریب ۲۲

صورت کا تری حسن ہے خود آئینہ — کشتی کے لئے صبر کی۔ گرداب بلا
جو دل بھی۔ کہ ہو حسن سے تیرے خالی — عقل اُسکو سمجھتی ہے سراب صحرا ۲۲

دور از تو فضائے دہر بر من تنگ است — دارم دلکے کہ زیر صد من سنگ است
عمریست کہ مدتش زماں را عار است — جانیست کہ بردنش اجل را ننگ است ۲۳

فرقت میں تری وبال ساری دنیا — سو من کا پہاڑ۔ میرے دل پر ہے دھرا
وہ عمر۔ کہ دن جسکے۔ جہاں کیلئے ننگ — وہ جان۔ جسے۔ اجل نہ چاہے لے جانا ۲۳

آں را کہ قضا ز خیلِ عشاق نوشت آزاد ز مسجد است و فارغ ز کنشت

۲۴

دیوانۂ عشق را چہ ہجراں چہ وصال از خویش گذشتہ را چہ دوزخ چہ بہشت

جو شخص ازل ہی سے کہ عاشق ٹھہرا تجانۂ و مسجد سے وہ آزاد ہوا
عاشق کو برابر ہے۔ وہ ہو ہجر کہ وصل ۲۴ کیا جنت و دوزخ۔ جو خود ہی سے گذرا

اے دل ہمہ خوئے شیکبائی چیست وے جاں بدر آ ایں ہمہ رعنائی چیست

۲۵

اے دیدہ چہ مردمیت شرمت بادا نادیدہ بجالِ دوست بینائی چیست

دل! ہو ہمہ تن خوں۔ شکیبائی کیا؟ اے جان نکل آ۔ کہ یہ رعنائی کیا؟
اے آنکھ! یہ مردمی ہے کیا شرم تو کر بے دیکھے ہوئے یار کے بینائی ۲۵ کیا؟

دل عادت و خوئے جنگجوئی تو گرفت جاں گوہر ہمت سر کوئے تو گرفت

۲۶

گفتم بخطت جانب ما را گیر ایں ہم طرفِ روئے نکوئے تو گرفت

دل نے تری خوئے جنگجوئی سیکھی کی جان نے ہمت۔ کہ وہ ہے تیری گلی
ہو جائے ہمارا۔ خطِ عارض سے کہا ۲۶ رخسار کی اُس نے بھی طرفداری کی

گفتار نکو دارم و کردارم نیست از گفت نکوئے بے عمل عارم نیست

۲۷

دشوار بود کردن و گفتن آساں آساں بسیار ہیچ دشوارم نیست

گفتار اگر اچھی ہے تو کردار نہیں اس بے عملی سے مجھے کچھ عار نہیں
کرنا جو ہے دشوار۔ تو آساں کہنا ۲۷ آساں تو بہت ہے۔ کچھ بھی دشوار نہیں

اے خواجہ ترا غم جمال ما ہست — اندیشۂ باغ و راغ و خرمن گاہ ست
۲۸
ما سوختگان عالم تجرید یم — مارا غم لا الٰہ الا اللہ ہست

اے خواجہ تجھے ہے فکر حسن دلدار — تو ہے غم باغ و راغ و خرمن سے بزار
۲۸
ہم عالم تجرید کے ہیں سوختہ تن — ہم کو غم لا الٰہ الا اللہ سے کار

گویند دل آئینۂ آئیں عجب است — در روے رخ شاہدان خود بیں عجب است
۲۹
در آئینہ روے شاہدان نیست عجب — خود شاہد و خود آئینہ ایں عجب است

سب کہتے ہیں دل بھی ہے عجب آئینہ — پھر اس میں رخ شاہد خود بیں کیسا
۲۹
یار آئے نظر اس میں۔ تو حیرت نہیں کچھ — خود شاہد و خود آئینہ کیونکر وہ ہوا

در ہجر ایم قرار می باید و نیست — آسایش جان زار می باید و نیست
۳۰
سرمایۂ روزگار می باید و نیست — یعنی کہ وصال یار می باید و نیست

فرقت میں جو چاہا بھی تو آیا نہ قرار — آسائش جان چاہی ولیکن بے کار
۳۰
سرمایۂ روزگار چاہا — نہ ملا — یعنی مجھے ہرگز نہ ہوا وصل یار

روزم بغم جہان فرسودہ گذشت — شب در ہوس بودہ و نابودہ گذشت
۳۱
عمرے کہ از و دمے جہانے ارزد — القصہ بفکرہائے بیہودہ گذشت

دن میرا غم جہاں میں سارا گذرا — بیکار ہوس میں وقت سب صرف ہوا
۳۱
جس عمر کا اک دم ہے جہاں کی قیمت — القصہ۔ کٹی یوں ہی نہ کچھ کام کیا

گریم زغمِ تو زار و گوئی زرق است
چوں زرق بود کہ دیدہ و رخ غرق است

۳۲

تو پنداری کہ جملہ لہا دلِ تو است
نہ نہ صنما۔ میانِ دلہا فرق است

تم کہتے ہو مکر ہیں ہوں غم سے روتا
وہ مکر ہے کب۔ لہو جو آنکھوں سے بہا

۳۲

اپنا سا ہر اک دل کو سمجھتے ہو تم
ہرگز نہیں۔ دل۔ دل میں بھی ہے فرق بڑا

آں راکہ فنا شیوہ و فقر آئین است
نہ کشف و یقین نہ معرفت نہ دین است

۳۳

رفت او ز میاں ہمیں خدا ماند خدا
الفقر اذا تم ہو اللہ این است

جس نے کہ کیا فقر و فنا کا شیوا
ہے کشف و یقین و معرفت دیں کچھ اُس کا

۳۳

خود مست گیا جب وہ۔ تو خدا ہی ہے خدا
اَلْفَقْرُ اِذَا تَمَّ ہُوَ اللہ یہ رہے

کردم تو بہ شکستنش روز نخست
چوں شکستم تو بہ ام خواندی چست

۳۴

القصہ ز مام تو بہ ام در کفِ تست
یکدم نہ شکستہ اش گذاری نہ درست

تو بہ شکنی میری ازل سے تھی لکھی
پھر حکم ہے تو بہ کا۔ جو تو بہ توڑی

۳۴

القصہ مری تو بہ ترے ہاتھ میں ہے
ہے ڈھیل کبھی اُس میں کبھی مضبوطی

دنیا بمثل چو کوزۂ زرین است
گہ آب در و تلخ و گہے شیرین است

۳۵

تو غرہ مشو کہ عمرِ من چندین است
کیں اسپِ اصیل مدام زیرِ زین است

دنیا بمثال کوزۂ زرّیں ہے
پانی کبھی اُس کا تلخ اور کبھی شیریں ہے

۳۵

تو غرہ نہ کر کہ عمر تیری ہے بہت
یہ اسپِ اصیل۔ مدام زیرِ زیں ہے

تا در نہ رسد وعدۂ ہر کار کہ ہست — سوئے نہ دہد یاری ہر یار کہ ہست
۳۶
تا از حمتِ سرماؤ زمستاں نکشد — پُر گل نشود دامنِ ہر خار کہ ہست

وقت آئے نہ جبتک نہ ہو پورا وعدا — ہر دوست کی یاری میں نہیں نفع ذرا
۳۶
برداشت نہ جبتک کرے سردی گرمی — ہر خار کا دامن نہ ہو پھولوں سے بھرا

یارب تو ز مانہ را دلیلے بفرست — نمرود ان را پشۂ چو پیلے بفرست
۳۷
فرعونیگان ہمہ ز بر دست شدند — موسیٰ و عصا و رود نیلے بفرست

دنیا کے لیے راہ نما۔ رب غفور — نمرودوں کا سر توڑے۔ کرایسا مور
۳۷
ظالم ہوئے فرعون صفت بھیجدے پھر — موسیٰ و عصا و رود نیل ضرور

آساں آساں ز خود امان نتواں یافت — ویں شربتِ شوق رائگاں نتواں یافت
۳۸
زاں مے کہ عزیز جانِ مشتاقاں است — یک جرعہ بصد ہزار جاں نتواں یافت

آسان نہیں اپنی خودی کا کھونا — یہ شربت شوق۔ تحفہ کس نے ہے پیا
۳۸
وہ مے کہ عزیز جانِ مشتاقاں ہے — گھونٹ اُس کا ہزار جان دیکر ملا

از درد نشاں مدہ کہ در جانِ تو نیست — بگذر ز دلا یتے کہ آنِ آنِ تو نیست
۳۹
از بیخردی بود کہ با جوہریاں — لاف از گہرے زنی کہ در کانِ تو نیست

نام اُس کا نہ لے نہو جو درد دل کے اندر — جوشے نہیں تیری اُس سے کر قطع نظر
۳۹
ہے جوہریوں کے سامنے حماقت کی دلیل — شیخی تو بگھارے نہو معدن میں گہر

چشمم ہمہ اشک گشت جسم بگریست ● در عشق تو بے جسم ہمی باید زیست
از من اثرے نماند ایں گریہ چیست ۴۰ چوں من ہمہ معشوق شدم عاشق کیست

آنکھیں ہوئیں اشک، جسم میرا رویا ● بے جسم ترے عشق میں جینا اچھا
میں ہی نہ رہا تو پھر یہ روتا ہے کون ۴۰ معشوق ہوا میں۔ تو کون عاشق ٹھہرا

تا پائے تو رنجہ گشت و با درد بساخت ● مسکیں دلِ رنجور من از درد گداخت
گویا کہ زروزگار دردے دارد ۴۱ ایں درد کہ در پائے تو خورد انداخت

جب سے کہ ترا پاؤں دُکھا۔ درد ہوا ● میرے دلِ رنجور میں بھی درد اُٹھا
گویا کہ زمانے کو ہے اس درد کا درد ۴۱ جو درد کہ جا کر ترے قدموں پہ پڑا

عشق تو بلائے جان درویش من است ● بیگانہ نمی شود مگر خویش من است
گفتم سفرے کنم ز غم بگریزم ۴۲ منزل منزل غم تو در پیش من است

ہے عشق بلائے جان میں ہوں بیدل ● بیگانہ نہیں ہوتا ہے مجھ پر مائل
میں نے کہا اس غم سے بچوں کر کے سفر ۴۲ تیرا ہی رہا غم مجھے منزل منزل

زاں مے خوردم کہ روح پیمانۂ اوست ● زاں مست شدم کہ عقل دیوانۂ اوست
دودے بمن آمد آتشے با من زد ۴۳ زاں شمع کہ آفتاب پروانۂ اوست

پیتا ہوں وہ مے کہ روح جسکا پیمانہ ہے ● میں مست ہوں اُسکا ہوش جسکا دیوانہ ہے
جلتا ہوں میں اُس شمع کے دھوئیں سے جسکا ۴۳ یہ مہرِ جہاں تاب بھی پروانہ ہے

زنار پرست زلف عنبر بویت • محراب نشین گوشۂ ابرویت
۴۴ یارب تو چہ کعبہ کہ باشد شب و روز • روئے دل کافر و مسلماں سویت

زنار پرست کوئی گیسو کا ہوا • بے گوشہ نشیں کوئی ترے ابرو کا
۴۴ کعبہ ہے عجب تو بھی۔ الٰہی۔ کہ جدھر • روئے دل کافر و مسلماں دیکھا

با دل گفتم کہ اے دل احوال تو چیست • دل دیدہ پر آب کرد و بسیار گریست
۴۵ گفتا کہ چگونہ باشد احوال کسے • کو را بمراد دیگرے باید زیست

احوال جو میں نے اپنے دل سے پوچھا • اشک آنکھوں میں بھر لایا بہت پی کے دیا
۴۵ کہنے لگا اُس شخص کا احوال ہی کیا • مرضی پہ ہو دوسرے کی جس کا جینا

اے مقصد خورشید پرستاں رویت • محراب جہانیاں خم ابرویت
۴۶ سرمایۂ عیش تنگدستاں دہنت • سر رشتۂ دلہائے پریشاں مویت

ہے مقصد خورشید پرست روئے نیکو • اور اہل جہاں کے لئے معبد ابرو
۴۶ سرمایۂ عیش تنگدستوں کا۔ دہن • سر رشتہ پریشان دلوں کا۔ گیسو

غم عاشق سیئہ بلا ہر دم ماست • خوں در دل آرزو ز چشم تر ماست
۴۷ ہاں غیر۔ اگر حریف یابی پیش آئے • کاسا لماس بجائے بادہ در ساغر ماست

آزار طلب سینہ کا عاشق ہے غم • خونِ دلِ آرزو ہے اشکِ پیہم
۴۷ اے غیر حریف ہے تو میدان میں ترا • پی جا کہ بجائے مے ہے پیمانہ میں سم

ذرکشورِ عشق جائے آسایش نیست — آنجا ہمہ کاہشت افزائش نیست
بے درد و الم توقع درمان نیست ۴۸ — بے جرم و گنہ امید بخشائش نیست

یہ کشورِ عشق جائے آرام نہیں — راحت کا بجز رنج کہیں نام نہیں
بے درد و الم نہیں امید درماں ۴۸ — بے جرم گنہ بخشش و انعام نہیں

عشق آمد و گرد فتنہ بر جانم ریخت — عقلم شد و صبر رفت و ہوشم بگریخت
زیں واقعۂ سخت دوست دستم بگرفت ۴۹ — چوں دید کہ ہر چہ داشت در پایم ریخت

عشق آیا تو جان پر وہ آئی آفت — عقل و خرد و صبر ہوئے سب رخصت
اس واقعۂ سخت میں جو کام آیا دوست ۴۹ — کی اُس نے مری ہر ایک ممکن خدمت

گر مُردہ بوم برآمدہ سالے بیست — چہ پنداری کہ گورم از عشق تہیست
گر دست بخاکِ من نہی کاگیجا ست ۵۰ — آواز دہم کہ حالِ معشوقم چیست

مر کر مجھے ہو بیس برس کا عرصہ — کیا عشق سے خالی مرا مدفن ہوگا
تو خاک کی چٹکی بھی اٹھائے گا اگر ۵۰ — پوچھوں گا یہی۔ یار ہے میرا کیسا

اے قبلۂ ہر کہ مقبل آمد رویت — روئے ہمہ مقبلانِ عالم سویت
امروز کسے کز تو بگرداند روئے ۵۱ — فردا بکدام رو بہ بیند سویت

چہرہ ترا قبلہ ہے ہر اک مقبل کا — ہر صاحب اقبال کا تو قبلہ نما
بدبخت اگر آج پھر ترا تجھ سے کوئی ۵۱ — کس منہ سے وہ کل دیکھیگا دیدار ترا

از ما ہمہ عجز و نیستی مطلوب است ہستی و تو ابعش ز ما منکوب است
این اوست پدید گشتہ در صورتِ ما ۵۲ این قدرت و فعل از ان بما منسوب است

ہے نیستی و عجز ہی - ہم سے مطلوب ہستی و لوازم اُسکے ہم سے منکوب
صورت میں ہماری خود ہوا وہ ظاہر ۵۲ ہیں قدرت و فعل صرف ہم سے منسوب

گر سُبحہ صد دانہ شماری خوب است ور جام مے از کف نگذاری خوب است
گفتی چہ کنم - چہ تحفہ آرم بر دوست ۵۳ ہیچ از دو جہاں ہر آنچہ آری خوب است

سو دانے کی تسبیح شماری بھی بھلی پیمانۂ مے ہاتھ میں - اچھا وہ بھی
تو کہتا ہے - لیجاؤں میں کیا یار کے پاس ۵۳ آورد کے ساتھ - پھر ہے ہر چیز کھری

آلودۂ دنیا جگرِ ریش تر است آسودہ تر است ہر کہ درویش تر است
ہر خر کہ بروز نگی و زنجیرے ہست ۵۴ چوں بر نگری بار بر و بیش تر است

آلودۂ دنیا ہے زیادہ مُضطر جو جتنا ہے درویش ہے آسودہ تر
جس خر پہ کہ زنگولہ و زنجیر بھی ہو ۵۴ اُسپر ہی زیادہ بار ہوگا اکثر

دی شب کہ دلم ز تاب ہجراں میسوخت اشکم ہمہ در دیدۂ گریاں می سوخت
می سوختم آنچناں کہ غیر از دلِ تو ۵۵ بر من دلِ کافر و مسلماں می سوخت

کل شب تپ فرقت میں جلا کچھ ایسا جو اشک تھا آنکھوں میں جلا خشک ہوا
القصہ جلا اتنا - کہ اِک تیرے سوا ۵۵ مجھپر دل ہر گبر و مسلمان جلا

سیمابی شد ہوا و زنگاری دشت — اے دوست بیا و بگذر از ہر چہ گذشت

۵۶

گر میل وفا داری۔ اینک دل و جاں — ور میل جفا داری اینک سر و طشت

چلتی ہے ہوا۔ سبز ہوا۔ سارا دشت — آبا۔ قصور بخش میرا۔ سر دست

۵۶ ہے میل وفا اگر تو حاضر دل و جاں — ہے خواہش جور اگر۔ تو یہ ہے سر طشت

عقرب (برج) سر زلف یار و مہ چنبر اوست — شیریں سخنی کہ شہد در شکر اوست

۵۷

با ایں ہمہ کبر و ناز کاندر سر اوست — فرماں دہِ روزگار فرماں بر اوست

عقرب (برج)۔ سر زلف۔ چاند اُس کا حلقہ — شیریں سخنی میں شہد و شکر کے سوا

۵۷ با ایں ہمہ کبر و ناز جو ہے اُس کو — فرماں دہِ روزگار اُس کا بندا

اے دل چو خدنگت رگِ جاں بگشودست — منمائے بکس خرقۂ خوں آلودت

۵۸

می نال چنانکہ۔ نشنوند آوازت — می سوز چنانکہ برنیاید دودت

جب تیر نظر تیری رگِ جاں میں لگے — اے دل۔ نہ کوئی بوند لہو کی دیکھے

۵۸ آواز سنے نہ کوئی اس طرح سے رو — یوں جل۔ کہ دھواں تک نکلنے پائے

سر سخن دوست۔ نمی یارم گفت — در لیست گراں بہا۔ نمی یارم سُفت

۵۹

ترسم کہ بخواب در بگویم۔ بکسے — شبہاست کزیں خوف نمی یارم خفت

سر سخن دوست۔ نہیں کہہ سکتا — موتی ہیں گراں بہا۔ پرونا کیسا

۵۹ کہہ گذروں کسی سے نہ کہیں خواب میں — راتیں ہوئیں۔ اس ڈر سے نہیں میں سویا

در بحرِ یقیں کہ دُرِ تحقیق بسے است — گرداب در و چو دم کشی نفسے است
ہر گوش صدف حلقۂ چشمت پُر آب — ہر موج اشارۂ ز ابرِ وئے کسے است

پُر از دُرِ تحقیق یقیں کا دریا — اُس میں ہے فقط یہ نفس گرداب بلا
ہر سیپی اشارہ چشم پُر اشک کا ہے — ہر موج میں ابرو کا کسی کے نقشا

شب آمد و رفتم اندر غم دوست — ہم بر سرِ گریہ چشم را خوست
از خونِ دلم ہر مژۂ پنداری — نختے است کہ پارۂ جگر بر سر اوست

شب ہوتے ہی غم نے مجھے آکر گھیرا — تم جانو! کہ آنکھوں کی تو خو ہے رونا
سمجھو اُسے پلکوں پہ جو خونِ دل ہے — ہر نوکِ مژہ پر اک جگر کا ٹکڑا

گفتی کہ فلاں زیادِ ما خاموش است — از بادۂ عشق دیگرے مدہوش است
شرمت باد! ہنوز خاکِ درِ تو — از گرمیٔ خونِ دلِ من در جوش است

کیا کہتا ہے؟ میں یار تجھے بھول گیا — اُلفت میں کسی اور کی مدہوش ہوا
کچھ شرم تو کر! خاک ہے تیرے در کی — اب تک ہے مرے خون کی گرمی پیدا

آں شب کہ مرا بوصلِ آں مہ رنگ است — بالائے شبم کوتہ و پہنا تنگ است
واں شب کہ ترا بر منِ مسکیں جنگ است — شب کور و خروس گنگ پیروں لنگ است

جس شب کہ مجھے ہوتا ہے وصلِ جاناں کی خوشی — ہوتی ہے وہی رات نہایت چھوٹی
جو رات جُدائی میں مری کٹتی ہے — ہوتی ہے وہی رات نہایت ہی بڑی

اندر ہمہ دشت خاوراں گر خاریست — آغشتہ بخون عاشق افگاریست
ہر جا کہ پری رخے و گلرخسارے ست — ما را ہمہ درخور است مشکل کاریست

کانٹا بھی ہے دشت خاوراں میں جو کوئی — آلودۂ خونِ عاشقاں ہے وہ بھی
۶۴ گلرو نظر آتے ہیں جہاں میں ہم کو — ہم سب پہ ہی مرتے ہیں بڑی مشکل ہے

اے دل غمِ عشق از برائے من و تست — سر بر خطِ او نہ کہ سزائے من و تست
۶۵ تو چاشنیٔ درد نہ دانی ورنہ — یکدم غمِ دوست خونبہائے من و تست

دل! ہے غمِ عشق میرے اور تیرے لیئے — مان اُس کا کہا۔ کہ ہم ہیں لائق اس کے
۶۵ معلوم نہیں لذتِ درد تجھکو۔ ورنہ — تھوڑے سے غمِ یار پہ۔ ہم ہوں صدقے

ناکامیم اے دوست ز خود کامیٔ تست — ویں سوختگیہائے من از خامیٔ تست
۶۶ مگذار کہ در عشقِ تو رسوا گردم — رسوائیٔ من باعثِ بدنامیٔ تست

ناکام ہوں میں تیری ہی خود کامی سے — میں جلتا ہوں اے یار تری خامی سے
۶۶ ایسا نہ ہو میں عشق میں رسوا ہو جاؤں — میں ڈرتا ہوں صرف تیری بدنامی سے

بر من در وصل بستہ میدارد دوست — دل را بفراق خستہ میدارد دوست
۶۷ من بعد من و شکستگی ز در دوست — چوں دوست دل شکستہ میدارد دوست

مجھ پہ در وصل بستہ رکھتا ہے دوست — دل ہجر میں خستہ رکھتا ہے دوست
۶۷ اب میں ہوں شکستگی ہے اصیار کا در — جب دوست۔ دل شکستہ رکھتا ہے دوست

در بحرِ یقیں کہ دُرِ تحقیق بسے است
گرداب در و چو دم کشی نقسے است

ہر گوش صدف حلقۂ چشمت پُر آب
ہر موج اشارۂ ز ابرِ وئے کسے است ۶۰

پُر از دُرِ تحقیق یقیں کا دریا
اُس میں ہے فقط یہ نفس گرداب بلا

ہر سیپی اشارہ چشم پُر اشک کا ہے
ہر موج میں ابرو کا کسی کے نقشا ۶۰

شب آمد و رفتم اندر غم دوست
ہم بر سرِ گریہ چشم را خوست

از خونِ دلم ہر مژۂ پنداری
لختے است کہ پارۂ جگر بر سرِ اوست ۶۱

شب ہوتے ہی غم نے مجھے آکر گھیرا
تم جانو! کہ آنکھوں کی تو خو ہے رونا

سمجھو اُسے پلکوں پہ جو خونِ دل ہے
ہر نوکِ مژہ پر اک جگر کا ٹکڑا ۶۱

گفتی کہ فلاں زیادِ ما خاموش است
از بادۂ عشق دیگرے مدہوش است

شرمت باد! ہنوز خاکِ درِ تو
از گرمیٔ خونِ دلِ من در جوش است ۶۲

کیا کہتا ہے؟ میں یار تجھے بھول گیا
اُلفت میں کسی اور کی مدہوش ہوا

کچھ شرم تو کر! خاک ہے تیرے در کی
اب تک ہے مرے خون کی گرمی پیدا ۶۲

آں شب کہ مرا بوصلِ آں مہ رنگ است
بالائے شبم کوتہ و پہنا تنگ است

واں شب کہ ترا برمنِ مسکیں جنگ است
شب کو روخ روشن گنگ پر ویں لنگ است

جس شب کہ مجھے ہوتی ہے وصل جاناں کی خوشی
ہوتی ہے وہی رات نہایت چھوٹی

جو رات جُدائی میں مری کٹتی ہے
ہوتی ہے وہی رات نہایت ہی بڑی

اندر ہمہ دشت خاوراں گر خاریست — آغشتہ بخون عاشق افگاریست
ہر جا کہ پری رخے و گلرخسارے ست — ما را ہمہ در خور است مشکل کاریست ۶۴

کانٹا بھی ہے دشت خاوراں میں جو کوئی — آلودۂ خونِ عاشقاں ہے وہ بھی
گلرو نظر آتے ہیں جہاں میں ہم کو — ہم سب پہ ہی مرتے ہیں مشکل ہے بڑی ۶۴

اے دل غمِ عشق از برائے من و تست — سر بر خطِ ادنہ کہ سزائے من و تست
تو چاشنیٔ درد نہ دانی ورنہ — یکدم غمِ دوست خونبہائے من و تست ۶۵

دل! ہے غمِ عشق میرے اور تیرے لیے — مان اُس کا کہا۔ کہ ہم ہیں لائق اس کے
معلوم نہیں لذتِ درد تجھکو۔ ورنہ — تھوڑے سے غمِ یار پہ۔ ہم ہوں صدقے ۶۵

ناکامیم اے دوست ز خود کامیٔ تست — وین سنگینیہائے من از خامیٔ تست
مگذار کہ در عشقِ تو رسوا گردم — رسوائیٔ من باعثِ بدنامیٔ تست ۶۶

ناکام ہوں میں تیری ہی خود کامی سے — میں جلتا ہوں اے یار تری خامی سے
ایسا نہ ہو میں عشق میں رسوا ہو جاؤں — میں ڈرتا ہوں صرف تیری بدنامی سے ۶۶

بر من در وصل بستہ میدارد دوست — دل را بفراق خستہ میدارد دوست
من بعد من و شکستگی و در دوست — چوں دوست دل شکستہ میدارد دوست ۶۷

مجھ پر درِ وصل بستہ رکھتا ہے دوست — دل ہجر میں خستہ رکھتا ہے دوست
اب میں ہوں شکستگی ہے اصرار کا در — جب دوست۔ دل شکستہ رکھتا ہے دوست ۶۷

عشقم۔ کہ بہر رگم۔ غمے پیوند است — دردم۔ کہ دلم بدرد حاجتمند است
صبرم۔ کہ بکام دنبجۂ شیرم ہست — شکرم۔ کہ مدام خورم و خورسند است ۶۸

وہ عشق ہوں رگ رگ میں ہے غم جسکے بھرا — وہ درد ہوں میں۔ ہے دل کو جسکا چسکا
وہ صبر ہوں سہتا ہوں زمانے کے الم — وہ شکر۔ کہ ہر وقت ہوں راضی برضا ۶۸

ما کشتۂ عشقیم و جہاں مسلخ ماست — ما میخور و خواہیم و جہاں مطبخ ماست
مارا نبود ہوائے فردوس ازانکہ — آں چہرۂ آتشین او دوزخ ماست ۶۹

ہیں کشتۂ عشق ہم ہے مقتل دنیا — مطبخ ہے جہاں۔ کہاں کا۔ کھانا پینا
بیکار ہے جنت۔ کہ ہماری دوزخ — ہے یار کا وہ سرخ بھبوکا چہرا ۶۹

دل چیست کہ گویم از برائے غم تست — یا آنکہ حریم من سرائے غم تست
لطفے است کہ میکند غمت با دل من — ورنہ دل تنگ من چہ جائے غم تست ۷۰

دل اور ترا غم۔ کہنا یہ میرا باطل — کب ہے۔ یہ مکاں تیرے غم کی منزل
احسان ہے غم کا بھی یہ دل پر۔ ورنہ — کب ہے دل تنگ تیرے غم کے قابل ۷۰

از کفر سر زلف تو ایماں می ریخت — وز نوش لبش چشمۂ حیواں می ریخت
چوں کبک خرامندہ۔ بصد رعنائی — سیر فت و ز سر تا قدمش جاں میریخت ۷۱

اُس کفر نما زلف سے ایماں نکلا — اور آب حیات اُس لب شیریں سے بہا
جب کبک کی مانند چلا ناز سے وہ — معلوم ہوا جان جہاں از سر تا پا ۷۱

راہیست زکعبہ تا بمقصد پیوست — از جانبِ میخانہ رہ دیگر ہست
۶۲
اے مہ رہ مے خانہ ز آباد انی — راہیست کہ کاسہ میرد و دست بدست

کعبے سے بھی مقصود کا اک رستہ ہے — مے خانہ کی سمت سے بھی ممکن جانا
۶۲ لیکن رہ مے خانہ ہے آباد بہت — اس راہ میں سر کے بل ہی چلنا ہوگا

عاشق نتواند نفسے بے غم زیست — بے یار و دیار اگر بود خود غم نیست
۶۳
خوش آنکہ بیک کرشمہ جاں کرد نثار — ہجران و وصال را ندانست کہ چیست

بے غم نہیں رہتا عاشق اک دم زندہ — بے یار و دیار وہ اگر ہو غم کیا
۶۳ اچھا ہے وہ جو ادائے جاناں پہ مرا — کیا ہجر ہے کیا وصل نہ جس نے جانا

آنی کہ ز جانم آرزوئے تو نرفت — از دل ہوسِ روئے نکوئے تو نرفت
۶۴
از کوئے تو ہر کہ رفت دل را بگذاشت — کس با دل خویشتن بکوئے تو نرفت

تو وہ ہے کہ جان تجھ پہ سو جاں سے فدا — ہے دل کو ہوس کہ دیکھے روئے زیبا
۶۴ دل کھو گیا جو آیا محلی میں تیری — کوچے سے ترے دل کوئی لے کر نہ گیا

یار آمد و گفت خستہ میدار دلت — دایم بامید بستہ میدار دلت
۶۵
مارا لبشکستگاں نظرہا باشد — مارا خواہی شکستہ میدار دلت

یار آیا کہا کہ دل کو خستہ رکھ تو — امید سے اپنے دل کو بستہ رکھ تو
۶۵ ہیں مورد لطف دل شکستہ جو ہیں — گر چاہے ہمیں تو دل شکستہ رکھ تو

ما دل ز غمت شکستہ داریم اے دوست — از غیر تو دیدہ بستہ داریم اے دوست
گفتی۔ کہ بدل شکستگاں نزدیکم — ما نیز دل شکستہ داریم اے دوست ۶۶

دل غم سے ہے غمگین ہمارا اے دوست — غیروں سے علاقہ بھی نہ رکھا اے دوست
ہے قول ترا کہ عاجزوں سے ہوں قریب — کر رحم کہ ہم بہت ہیں خستہ اے دوست ۶۶

براہ تو بہر روش کہ پویند خوش است — کوئے تو بہر جہت کہ جویند خوش است
روئے تو بہر دیدہ کہ بینند نکوست — ذکر تو بہر صفت کہ جویند خوش است ۶۷

رہ میں تری جس طور سے دوڑیں بہتر — کوچہ ترا جس سمت بھی ڈھونڈیں بہتر
اچھا ہے۔ وہ جسطرح بھی تجکو دیکھیں — جس رنگ میں۔ تو تجھ سے لگائیں بہتر ۶۷

عشق آمد و خاک مختتم بر مسریخت — زاں برق بلا بجرم من اغگر ریخت
خوں در دل و ریشہ تنم سوخت چناں — کز دیدہ بجائے اشک خاکستر ریخت ۶۸

الفت میں پہاڑ غم کا مجھپر ٹوٹا — اُس برق بلا نے میرا خرمن پھونکا
دل کیسا کہ رگ رگ میں جلا خون ایسا — آنکھوں سے ہر اشک راکھ بن کر نکلا ۶۸

اے دوست اے دوست اے دوست اے دوست — جوریکہ تو از ان کشم کہ روئے تو نکوست
مردم گویند بہشت خواہی یا دوست — اے بیخبراں بہشت با دوست نکوست ۶۹

اے یار۔ اے یار۔ اے یار۔ اے یار — سہتا ہوں جنا کہ تو ہے خوش رو دلدار
سب کہتے ہیں مجھ سے خلد اچھی کہ حبیب — اے بے خبرو یار بغیر جنت بے کار ۶۹

پرسید زمن کسے کہ جانانِ تو کیست
گفتم کہ فلاں کس است مقصودِ تو چیست

۸۰

بنشست بہائے ہائے برمن بگریست
کز دست چنیں کسے چساں خواہد زیست

پوچھا یہ کسی نے۔ کون ہے؟ یار ترا
نام اُسکا بتا کے میں نے مقصد پوچھا

حالت پہ مری اُس نے کہا۔ یہ رو کر
کیونکہ ترا اُس شخص سے جینا ہوگا

عصیانِ خلائق ارچہ صحرا صحرا ست
در پیشِ عنایتِ تو یک برگ گیا ست

۸۱

ہر چند گناہ ما ست۔ کشتی۔ کشتی
غم نیست کہ رحمتِ تو دریا دریا ست

بندوں کے گناہ ہیں بو صحرا صحرا
تیری نظرِ لطف میں ہیں اک تنکا

عصیاں ہیں ہمارے گرچہ کشتی کشتی
غم کیا۔ تری رحمت بھی ہے دریا جیا

چوں حاصلِ عمر تو فریبے و دمے ست
زو داد مکن گرت بہر دم ستمے ست

۸۲

مغرور مشو بخود کہ اصلِ من و تو
گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست

ہے جبکہ تری عمر کا حاصل دھوکا
فریاد نہ کر۔ تجھپہ جو ہر دم ہو جفا

مغرور نہ ہو۔ کہ اصل میری۔ تیری
ہے آتش و آب و خاک اور ہوا

از گل طبقے نہادہ کیں روئے حق ست
وز مشک خطے کشیدہ کیں موئے من ست

۸۳

صد نافہ بباد دادہ کیں بوئے من ست
آتش بجہاں در زدہ کیں خوئے من ست

پیدا کیا گل۔ کہا۔ ہے میرا چہرا
خط۔ مشک سے کھینچا کہ یہ اک بال ہوا

سو نافۂ مشکیں کو کہا بو اپنی
عالم۔ جلا عشق میں۔ خو بھی کو یہ

دائم نہ لوائے عشرت افراشتنی است — پیوستہ نہ تخم خرمی کاشتنی است

۸۴ — این داشتنیہا ہمہ بگذاشتنی است — جز روز روے کہ نکہداشتنی است

یہ عیش کی گھڑیاں نہ رہینگی یکسر — یہ دورِ سرور و لطف جائے گا گذر

۸۴ — ہیں قابلِ ترک یہ بکھیڑے سارے — بس وہ رُخِ روشن ہی رہے پیشِ نظر

از بارِ گنہ شدہ تنِ مسکینم پست — یارب چہ شود اگر مرا گیری دست

۸۵ — گر در عملم انچہ ترا شاید نیست — اندر کرمت۔ انچہ مرا باید ہست

ہے یہ تن زار بارِ عصیاں سے دبا — جب تو نہو دستگیر۔ ہو کون بھلا

۸۵ — گو میرے عمل میں نہیں تیرا کچھ بھی — لیکن تری بخشش میں ہے سب کچھ میرا

ایزد کہ جہاں بقبضۂ قدرتِ اوست — دادست ترا دو چیز کاں ہر دو نکوست

۸۶ — ہم سیرتِ آنکہ دوست داری ہمہ کس — ہم صورتِ آنکہ دوست دارد ہمہ کس

خالق نے کہ ہے جہاں پہ جس کا قبضا — دی ہیں تجھے دو چیزیں نہایت عمدا

۸۶ — سیرت۔ کہ ہر اک کو دوست رکھتا ہے تو — صورت۔ کہ ہر ایک شخص ہے دوست ترا

شیریں دہنے کہ از لبت جاں میریخت — کفرش ز سرِ زلف پریشاں می ریخت

۸۷ — گر شیخ بکفر زلف او رہ می برد — خاکِ رہِ بُت بر سرِ ایماں می ریخت

شیریں دہن ایسا کہ ہیں لب آبحیات — کفر اُس کی سرِ زلف سے پھیلے دن رات

۸۷ — گر زلف کا اُس کی کفر پالیتا شیخ — پھر کرتا نہ جو کفر وہ ایمان کی بات

آں آتشِ سوزندہ کہ عشقش لقب است — در پیکرِ کفر و دیں چو سوزندہ تب است
ایماں و گر و کیش محبت دگر است — پیغمبرِ عشق۔ نہ عجم نہ عرب است ۸۸

وہ آتشِ سوزندہ کہ ہے عشق لقب — تپ ہے کہ جلا یا کفر و ایماں بیڈھب
ہیں طور محبت اور۔ ایماں ہے اور — پیغمبرِ عشق ہے عجم کا نہ عرب ۸۸

در عالم اگر فلک اگر ماہ و خور است — از بادۂ ہستی تو پیمانہ خور است
فارغ ز جہانی و جہاں غیرِ تو نیست — بیروں ز مکانی و مکاں از تو پر است ۸۹

عالم میں مہ و مہر و فلک نے ہے پیا — پیمانہ تری بادۂ ہستی کا۔ خدا
فارغ ہے جہاں سے اور جہاں غیر نہیں — باہر ہے مکاں سے تو۔ مکاں تجھ سے بھرا ۸۹

نردے است جہاں کہ بیرونش باختن است — نرّادی او ز نقش کم ساختن است
دنیا بمثالِ کعبتین نرد است — برداشتنش برائے انداختن است ۹۰

وہ نرد ہے دنیا کہ جو جیتا۔ ہارا — جس نے کیا نقش کم۔ وہ ماہر ہے بڑا
ہے نرد کی کعبتین۔ دنیا۔ گویا — ہے پھینکنے کے لئے اٹھانا اُس کا ۹۰

در دا کہ دریں سوز و گدازم کس نیست — ہمراہ دریں راہِ درازم کس نیست
در قعرِ دلم جواہرِ راز بسے است — اما چہ کنم محرمِ رازم کس نیست

ہے حالتِ سوز میں۔ نہ ہمراز کوئی — ہے راہ دراز میں۔ نہ کوئی ساتھی
پہنائی قلب میں جواہر ہیں بھرے — ہمدم نہیں کوئی کس سے کہئے دل کی

ہاں تا تو نہ بندی بمراعاتش پشت — کو با گل نرم پرورد خار درشت

۹۲

ہاں تا نشوی غرہ بدریائے کرم — کو بر لب بحر تشنہ بسیار بگشت

تو اُس کے کرم پہ ہرگز اتنا تو نہ پھول — ہیں خار بھی۔ لب دریں جہاں بخشا ہیں پھول

دریائے کرم پر کہ۔ نہ غرہ۔ ہرگز ۹۲ پیاسا بھی وہ مارتا ہے دریا پہ نہ بھول

اے خالق خلق رہنمائے بفرست — وے رازق رزق درکشائے بفرست

۹۳

کارِ من بیچارہ گرہ در گرہ است — رحمے بکن و گرہ کشائے بفرست

اے خالق خلق۔ رہنما بھیج کوئی — اے رازق رزق۔ درکشا بھیج کوئی

کر رحم۔ کہ مشکل ہوئے ہیں کام مرے ۹۳ کام آئے مرے۔ مرد خدا بھیج کوئی

دنیا بجوے و فا مدار اے دوست — ہر لحظہ ہزار مغز سر گشتۂ اوست

۹۴

می داں کہ خدائے دشمنش می دارد — گر دشمن حق نئی چرا داری دوست

دنیا میں نہیں ہے ایک تل بھر بھی وفا — ہیں ایسے ہزاروں جن سے کی اس نے دغا

یہ جان لے مبغوضۂ حق ہے۔ دنیا ۹۴ دنیا سے لگاتا نہیں دل۔ مرد خدا

گردوں کمرے ز عمر فرسودۂ ماست — دریا اثرے ز اشک آلودۂ ماست

۹۵

دوزخ شرے ز رنج بیہودۂ ماست — فردوس دمے ز وقت آسودۂ ماست

گردوں کا ہے خم ہماری پیری کی کمر — اشکوں کی نمی کا گویا دریا ہے اثر

دوزخ ہے شر ہمارے رنج و غم کا ۹۵ جنت ہے۔ وہ آرام۔ جو پایا دم بھر

دی گیسوئے عنبرین عنبر سایت ازطرف بنا گوش سمن سیمایت
۹۶
اُفتادہ بپائے تو بزاری میگفت سرتا پایم فدائے سرتا پایت

کل زلف معنبر نے مرے ماہ لقا چھو کر تری نرم یاسمینی گدیا
۹۶
قدموں پہ ترے گر کے بصد عجز کہا سر تا بقدم تیرے سراپا پہ فدا

ازکار کسے قرار می باید ہست ویں یار کہ در کنار می باید ہست
۹۷
ہجرے کہ ہیچ کار می باید ہست وصلے کہ چو جاں بکار می باید ہست

اغیار کے کاموں سے ہے مجکو فرصت آغوش میں ہے مری۔ مرا مہ طلعت
۹۷
کیا کام مجھے ہجر سے؟ بے کار ہے وہ ہے وصل سے حاصل مجھے ہر دم فرحت

گر بیست دریں دہم کہ پنہانی نیست برداشتن سرم بآسانی نیست
۹۸
ایمانش ہزار دفعہ تلقیں کردم ایں کافر را سر مسلمانی نیست

ہے قوت واہمہ میں کافر ظاہر ہم رفع خیال سے ہیں اُس کے قاصر
۹۸
ایمان کی ہزار میں نے تلقیں اُسے کی ایماں نہیں لاتا وہ خودی کا۔ کافر

آں روز کہ آتش محبت افروخت عاشق روش عشق ز معشوق آموخت
۹۹
از جانب دوست سر زد ایں سوز و گداز تا در نگرفت شمع پروانہ نسوخت

جب شعلۂ عشق اوّل اوّل بھڑکا معشوق سے عاشق نے تپش سیکھا
۹۹
ظاہر ہوا معشوق ہی سے سوز و گداز جبتک نہ جلی شمع۔ نہ پروانہ جلا

می رفتم و خون دل براہم میریخت — دوزخ دوزخ شرر ز آہم میریخت
می آمدم از شوق بر گلشن کون — دامن دامن گل از کنارم میریخت

بہتا تھا لہو دل کا - جو رہ میں نے چلی — دوزخ ہوئی ہر آہ جو لب پر آئی
میں گلشن دنیا میں بصد شوق آیا — گل گرتے تھے جھولی سے بکثرت میری

از بادِ صبا دلم چو بوئے تو گرفت — بگذاشت مرا و جستجوئے تو گرفت
اکنوں ز منش ہیچ نہ می آید یاد — بوئے تو گرفتہ بود و خوئے تو گرفت

بُو - باد صبا سے تری - جس دم پائی — دل نے مجھے چھوڑا جستجو تیری کی
اب یاد بھی میری - نہیں آتی اُس کو — حاصل ہوئی - بُو تیری - تو خو بھی تیری

ہر چند آدمی ملک سیرت دخوست — بدگر نبود بدشمن خود نیکواست
دیوانۂ دل نیست کہ عادت او ست — کو دشمن جان خویش میدارد دوست

انساں ہے ملک سیرت و خصلت تاہم — اچھا تو جبھی ہے کرے دشمن پہ کرم
میرے دل دیوانہ کو دیکھے کوئی — یہ دشمن جاں پر اپنے دیتا ہے دم

دل طفلک خاک بیز غربال بدست — میزد بد و دست در روئے خود ایمنست
می گفت بہائے ہائے افسوس و دریغ — ریگے بہ نیافتم و غربال شکست

لڑکے کی طرح دل بھی ہے غربال بدست — غربال سے مار - چہرہ زخمی کیا سخت
کہتا تھا کہ ہائے ہائے افسوس و دریغ — ہاتھ آیا نہ ریگ اور ہوئی غربال شکست

اندر ہمہ دشتِ خاوراں سنگے نیست — کش با منِ روزگار من جنگے نیست

۱۰۴

با لطف و نوازش وصال تو مرا — در دادن صد ہزار جاں ننگے نیست

پتھر بھی ہے دشت خاوراں میں کوئی — ہے مجھ سے خلاف اور زمانے سے بھی

حاصل ہو۔ جو لطف وصل پھر ننگ نہیں ۱۰۴ قربان ہوں اگر ہزار جانیں میری

سر تا سر دشتِ خاوراں سنگے نیست — کز خونِ دل و دیدہ بر و رنگے نیست

۱۰۵

در ہیچ زمین و ہیچ فرسنگے نیست — کز دست غمت نشستہ دلتنگے نیست

جتنے بھی ہیں دشت خاوراں میں پتھر — ہیں خون دل و دیدہ سے رنگیں اکثر

ہے کوئی زمیں ایسی نہ ایسا فرسنگ ۱۰۵ بیٹھا ہو نہ غمدیدۂ الفت جسپر

تیرے زکمانخانۂ ابروئے تو جست — دل پر تو ے وصل را خیالے می بست

۱۰۶

خوش خوش زدلم گذشت و میگفت بناز — با پہلوئے چوں توئی نخواہیم نشست

ابرو سے کماندار ! ترے تیر چلا — دل کو ترے وصل کا تصور تھا بندھا

کس ناز سے بولا پار دل کے ہو کر ۱۰۶ بیٹھوں گا نہ پہلو میں جو ہو تجھ جیسا

صد شکر کہ گلشن شفا گشت تنت — صحت گل عیش ریخت در پیرہنت

۱۰۷

تب را بغلط در تنت افتاد گذار — منت کہ عرق شدہ چکید از بدنت

صد شکر کہ گلشن شفا جسم ہوا — صحت نے گل عیش پیرہن میں ڈالا

تپ نے غلطی کی ترے تن میں آئی ۱۰۷ پھر بن کے پسینہ اُسے جانا ہی پڑا

پیہ در گاو است و گاؤ در کہسار است — ماہی سر شیمی بدریا بار است
بُز در کوہ است و یوز در بلغار است — ۱۰۸ زہ کردن ایں کماں بے دشوار است

کہسار میں گائے۔ گائے میں ہے چربی — جا کر ہی دریا میں سر شیم ماہی
بلغار میں چیتا ہے تو بُز کوہ میں ہے — ۱۰۸ زہ کرنے میں اس کماں کے ہے دشواری

آں یار کہ عہد دوستداری بشکست — میرفت و منش گرفتہ دامن در دست
سیگفت کہ باز ازاں نخواہم بینی — ۱۰۹ پنداشت کہ بعد ازاں مرا خواہے ہست

وہ یار کہ جسنے عہد یاری۔ توڑا — جانے کو ہوا۔ تو میں نے دامن تھاما
بولا کہ ملینگے تجھ سے اب خواب میں ہم — ۱۰۹ کیا خوب۔ بغیر اس کے مجھے خواب آیا

مجنوں تو کوہ را ز صحرا نشناخت — دیوانۂ عشق تو سر از پا نشناخت
ہر کس بہ تو رہ یافت ز خود گم گردید — ۱۱۰ آنکس کہ ترا شناخت خود را نشناخت

مجنوں ترا سمجھا ایک کوہ و صحرا — دیوانۂ عشق کو ہیں یکساں سر و پا
خود گم ہوا۔ جسنے کہ تری راہ چلی — ۱۱۰ اپنے کو نہ جانا جسنے تجھکو جانا

گر کار تو نیکوست بہ تدبیر تو نیست — ور نیز بد است ہم ز تقصیر تو نیست
تسلیم و رضا پیشہ کن و شاد بزی — ۱۱۱ چوں نیک و بد جہاں بہ تقدیر تو نیست

تدبیر نہیں تیری جو ہے کام اچھا — تقصیر نہیں تیری اگر ہے وہ بُرا
راضی برضا رہ کے جہاں میں خوش جی — ۱۱۱ تقدیر سے تیری نہ بُرا کچھ نہ بھلا

غازی کہ پئے شہادت اندر تگ پوست — غافل کہ شہید عشق فاضل تر ازوست
فردائے قیامت او بدیں کے ماند — آں کشتۂ دشمن است ایں کشتۂ دوست ۱۱۲

غازی کو ہے جستجو شہادت کی مگر — غافل ہے کہ ہے شہید عشق فاضل تر
